بچوں کے حقوق کے بارے میں والدین کے لیے آسان زبان میں تربیتی معلومات

تاریخ : ۲۳ اگست ۲۰۲۱

محترم والدین اور سرپرست احباب،
بچوں کے لیے سکول ایک خاص جگہ ہوتی ہے۔ وہاں پہ وہ لکھنا اور پڑھنا سیکھتے ہیں اور زندگی کا تجربہ حاصل کرتے ہیں۔ وہ وہاں پر دوست بناتے ہیں ۔ کامیابی کی لذت حاصل کرتے ہیں اور کبھی کبار مایوسی کا سامنا بھی کرتے ہیں۔
بچے اور بچیاں اپنے سکول میں کافی وقت گزارتے ہیں۔
اس لئیے یہ ضروری ہے کہ بچے وہاں پہ ٹھیک رہیں:

- بچوں کو سکول میں اچھا لگنا چاہیے
- یہ ضروری ہے کہ بڑے ان کی بات سنیں اور
- بچوں کو سکول میں محفوظ اور مطمئن ہونا چاہیے

آپ کے بچے کو سکول ان سب چیزوں میں اور بھی بہتر کرنا چاہتا ہے۔ اساتذہ اور سکول انتظامیہ نے یہ ذمہ داری اپنے ہاتھ میں لی ہے ۔یونیسیف اس کام میں ان کی مدد کر رہا ہے۔
آپ کی بیٹی یا بیٹا جلد ہی اپنے سکول میں بچوں کے حقوق کے بارے میں اور بھی معلومات حاصل کریں گے۔
جرمنی اور پوری دنیا میں یہ خصوصی حقوق تمام بچے اور بچیوں کے پاس ہوتے ہیں۔ ان سبھی حقوق کا تذکرہ یونائڈڈ نیشن کنونشن فار رائٹس آف چالیڈرن کی دستاویزات میں کیا گیا ہے۔
بڑوں کو بھی اپنے سکول میں پڑھنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ وہ اپنے حقوق کا استعمال کریں، انہیں اپنی بات کرنی چاہیے اور اساتذہ کو ان کی بات پہ توجہ دینی چاہیے۔ آپ کے بچے کا حق ہے کہ فیصلوں میں اس کا عمل دخل ہو اور ان کے بارے میں اسے بتایا جائے اور یہ ضروری ہے کہ بچے ان کے ساتھ پڑھنے والے دوسرے بچے اور اساتذہ ایک دوسرے کی بات اچھے طریقے سے سنیں اور ایک دوسرے سے اچھا برتاؤ کریں ۔اس سے پڑھائی دلچسپ ہوتی ہے اور بوجھل نہیں لگتی۔

آپ کیا کر سکتے ہیں ؟
اپنے بچے سے بچوں کے حقوق کے بارے میں پوچھیں۔ان سے اس کے بارے میں بات کریں۔ مثال کر طور پہ آپ ان سے پوچھ سکتے ہیں : کیا تم نے بچوں کے حقوق کے بارے میں سنا ہے یا پھر کون سا حق تم کو خاص طور پر اہم لگتا ہے ؟

آپ اپنے سکول کی مدد کر سکتے ہیں ۔براہ مہربانی ساتھ دیا گیا سوالنامہ پُر کریں اور اس کو اپنے بچے کے سکول میں جمع کروائیں۔ شکریہ

نیک خواہشات کے ساتھ
کرسٹن لین بیکر
کوآرڈینیٹر ، تربیتی پروگرام برائے حقوق طفلاں
یونیسیف ، جرمنی

یونائڈڈ نیشن کنونشن فار رائٹس آف چالیڈرن کیا ہے ؟

اس کنونشن میں بچوں کے تمام حقوق کا تذکرہ ہے۔دنیا کے تقریباً تمام ممالک نے اس کنونشن پر دستخط کیے ہیں اور اس کے تحت وہ بچوں اور ان کے حقوق کی حمایت کرنے کے پابند ہیں۔کنونشن میں کل 54 ارٹیکل ہیں ۔ ان میں کہا گیا ہے کہ

- تمام بچے برابر ہیں بلا تفریق جنس، رنگ یا پیدائش کچھ بھی ہو
- بچوں کی فلاح و بہبود ضروری ہے
- دنیا میں ہر بچے اور بچی کو ممکنہ مدد ملنی چاہیے
- بچوں کو زندگی جینے اور آگے بڑھنے کا حق ہے
- بچوں کی رائے کو سنجیدہ لینا چاہیے

کیا آپ کا کوئی سوال ہے ؟ برائے مہربانی ہم سے رابطہ کریں kinderrechteschulen@unicef.de

پروگرام کے بارے میں مزید معلومات لینے کے لیے unicef.de/kinderrechteschulen پر جائیں۔

برائے مہربانی

- سوالنامہ پُر کریں اور
- اس کو سکول میں جمع کروائیں

شکریہ